10538-ولادت میں سہولت کے لیے برتن میں سورۃ الزلزال لکھنا

سوال

کیا ولادت کے وقت سورۃ الزلزال کی قرآت کرنے سے سے آسانی پیدا ہوجاتی ہے ، اور کیا ولادت میں آسانی پیدا کرنے کے لیے کوئی دعائیں اوراذکار مشروع ہیں ، اور کیا ولادت کے وقت دعا قبول ہوتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

ولادت کے وقت برتن میں زعفران سے
سورۃ الزلزلۃ "اذازلزلزت الارض زلزالھا" اوراسی طرح وہ آیات میں جن میں رحم کا
ذکرہے ، اوراسی طرح

**.{وماتخرج من ثمرات من اکمامھا و
ماتحمل من انثی ولاتضع الا بعلمہ}**.فصلت(47).

اورفرمان باری تعالی :

**.{اللہ یعلم ماتحمل کل انثی و
ماتغیض الارحام وماتزدادوکل شیئ عندہ بمقدار}**.الرعد(8).

تجربہ کیا گیا ہے کہ یہ آیات زعفران
کے ساتھ لکھ کراورپھر اس برتن میں پانی ڈال کرزعفران کوحل کرکے نفاس والی عورت
کوپلایا جائے اورنفاس والی عورت کے پیٹ کوہاتھ سے ملا جائے ، یا یہ آیات پانی میں
پڑھ کروہ پانی نفاس والی عورت کوپلایا جائے اوراس کے پیٹ کوملا جائے ، یا پھر
نفاس والی عورت کوپڑھ کردم کیا جائے تواللہ کے حکم سے اس کی ولادت میں آسانی
پیدا ہوجاتی ہے .

اوردردزہ کے وقت دعا کرنا قبولیت
کے لیے اولی ہے کیونکہ یہ دعا مشکل وتنگی اورلاچاری کے وقت کی جارہی ہے اوراللہ
سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

**.{کون ہے جومضطر اورلاچارکی دعا
قبول کرتا اوراس کی تکلیف اور مشکل دورکرتا ہے ، اورتمہیں زمین کا خلیفہ بناتا ہے**

کیا اللہ تعالی کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے ؟ }۔۰ النمل (62).

اور پھر مشکل و تنگی اور بے کسی کے

وقت تو اللہ سبحانہ و تعالی دعا بہت قبول کرتا اور مشکل و تنگی سے نجات دلاتا ہے.